© rasailojaraid.com



شفیق فاروقی

# دار العلوم حقانیہ کے شب و روز

● دار العلوم میں بارہ شعبان کو تعلیمی سال ختم ہوا اور ۱۰ شوال تک تعطیل رہی۔ البتہ دفاتر اہتمام۔ الحق مؤتمر المصنفین اور دار الافتاء کے دفاتر بدستور مصروف کار رہے۔ اب ۱۰ شوال سے تعلیمی سال کا آغاز ہو چکا ہے۔ طلباء نہایت کثرت سے آ رہے ہیں۔ تمام قدیم اساتذہ کے علاوہ نئے اساتذہ کا بھی اضافہ ہوا جن میں حضرت مولانا مصطفیٰ احسن صاحب فاضل جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ کی تقرری حکومت سعودی عرب کی دار الافتاء والبحوث کی طرف سے ہوئی ہے۔

● عید الفطر کے عظیم اجتماع سے حسب معمول حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے خطاب فرمایا۔ پچھلے سال آپ نے عیدگاہ میں توسیع کے لئے اپیل کی تھی مقامی بلدیہ کے چیئرمین وارکان کی مساعی سے دو کنال زمین حاصل ہو گئی اور اب اس کی احاطہ بندی وغیرہ کے مراحل درپیش ہیں۔ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے حاضرین سے اس کے لئے مدد کی اپیل کی جس کا خاطر خواہ نتیجہ برآمد ہوا۔

● حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی ملاقات اور دار العلوم حقانیہ دیکھنے کے لئے حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہ کے داماد حضرت مولانا رشید الدین صاحب مدظلہ مدرسہ شاہی مراد آباد ۱۵ اگست کو دار العلوم تشریف لائے ایک رات قیام کے بعد دوسرے دن واپس ہوئے۔

● ۲۱ اگست صدر پاکستان کی دعوت پر منعقد شدہ علما کنونشن اسلام آباد میں صدر محترم کی دعوت پر مولانا سمیع الحق صاحب نے شرکت کی اور کنونشن میں خطاب کے دوران صدر پاکستان کو اپنی تجاویز و خیالات سے آگاہ کیا۔ دوسرے دن پاکستان ٹیلی ویژن نے اپنے قومی پروگرام میں کنونشن کے بارہ میں ایک انٹرویو کے ذریعہ مولانا کے تاثرات نشر کئے جنہیں پورے ملک میں سراہا گیا۔



© rasailojaraid.com